© rasailojaraid.com



# منقبتِ امیرالمؤمنین خلیفۂ راشد و برحق سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ

امام سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ

تو ہے خالِ فاطمہؓ حسنینؓ کا نانا ہے تو
واہ کیا رشتہ ہے تیرا؟ بے خِلاف و بے کلام

تیرے فضل و منقبت کے متعرف جنّ و بشر
تیری دانش کا ہے شاہد خود یہ چرخِ نیلی فام

حلم و حکمت عدل و تقویٰ ، تیری فطرت اور شعار
دھوم ہے تیری عَرَب میں اور عَجم میں تیرا نام

لاکھ کِسریٰ اور فلاطوں ، تیری جوتی پہ نِثار
لاکھ ذوالقرنین اور لقمان ہیں تیرے غلام

ہادی وَ مَہدیِّ امّت ، کاتبِ وحیِ مبیں
معتمَد شیخین کا اور مستقل پنجم امام

تھا خلافت کی بشارت اِنۡ وَلِیتَ کا خطاب
حق بہ جانب تھا علیؓ کے بعد ہی تیرا نظام

تو نے بے شک دی زمامِ کار در دستِ یزید
یہ عمل نہ کفر تھا، نہ فِسق و مکروہ و حرام

حد سے حد تھا ترکِ افضل، اخذِ مفضول و پسر
خود ہیں ظالم اور فاسق، جو کریں تجھ پہ ملام

باقی تقلیدِ عمرؓ تو خود علیؓ نہ کر سکے
وقتِ رخصت تھے خلافت سے حسن کب بے مَرام

تو خوارج کی ضلالت اور قساوت سے خبیر
اور سَبَائیت کی سازِش کو کچلنا تیرا کام

قولِ اعمشؒ، تابعی میں سیّدِ اعظم، ہے تو
کون ہے جس کو سیاست میں ملا ہو یہ مقام

ساری دنیا کے ولی ہوں اک طرف تو اک طرف
تو صحابی اور صحابہ میں بھی ہے فرخندہ نام

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501



© rasailojaraid.com